#BankofKhyber

نوٹس برائے 33ویں سالانہ اجلاسِ عام

بینک آف خیبر کے شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ 33واں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعہ مورخہ 29 مارچ 2024ء دن 10:00 بجے بینک آف خیبر، ہیڈ آفس، پی ای سی ایچ ایس، پشاور میں منعقد ہوگا جس میں درج ذیل کاروباری امور طے کیے جائیں گے:

معمول کی کاروائی

1 30 مارچ 2023ء کو منعقدہ 32ویں سالانہ اجلاسِ عام کے منٹس کی توثیق۔

2 31 دسمبر 2023ء کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز پر مشتمل کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔ علاوہ ازیں شیئر ہولڈرز کو بینک کی کارکردگی اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی جائے گی۔

3 31 دسمبر 2024ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کا انتخاب اور ان کا مشاہرہ مقرر کرنا۔
بینک کے ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز PwC ایف فرگوسن اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اپنی اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے۔

4 بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر بینک کے شیئر ہولڈرز کو سال 2023 کیلئے بحساب 1.5 روپے فی شیئر یعنی 15 فیصد حتمی کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر غور اور منظوری۔

خصوصی کاروائی

5 بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر بینک کے شیئر ہولڈرز کو سال 2023 کیلئے 5 فیصد بونس شیئرز بحساب ہر 100 عمومی شیئرز پر 5 عمومی شیئرز کی شرح سے اجراء پر غور و خوض اور اگر مزوں میں ہوتو منظوری دینا۔

6 بورڈ اور کمیٹیوں/خصوصی کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے چیئرمین/غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز/آزاد ڈائریکٹرز کی فیس میں اضافے کی منظوری۔

7 مندرجہ ذیل قراردادوں پر مع یا بغیر ترامیم اور/یا تبدیلیوں کے عمومی قراردادوں کے طور پر غور و خوض اور اگر مزوں میں ہوتو منظوری دینا، بینک آف خیبر کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق سالانہ بیلنس شیٹ، منافع نقصان کا اکاؤنٹ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ و غیرہ ("سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارہ") کی اپنے ممبران کو رسائل کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کی منظوری۔

دیگر کاروائی

8 چیئرمین کی منظوری سے کوئی اور امور جو خوش کیلئے پیش کیے جاسکتے ہیں۔

خصوصی کاروائی سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کی وضاحت درج ذیل ہے۔

بحکم بورڈ
سارہ شاہ
کمپنی سیکریٹری

پشاور: 8 مارچ 2024

نکات

(i) اجلاس میں حاضری اور ووٹ دینے بشمول ادائیگیاں، اگر کوئی ہو، کی وصولی کرنے والے ممبران کے ناموں کا تعین کرنے کیلئے بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس 23 مارچ 2024ء بروز ہفتہ سے 29 مارچ 2024ء بروز جمعہ تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی۔
ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ بمقام پلاٹ نمبر 32-C، جامی کمرشل سٹریٹ 2، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی-75500 کے دفتر میں 22 مارچ 2024ء بروز جمعہ دفتری اوقات کے اختتام تک اس حوالے سے موصول ہونے والے انتقال کروکو مکمل منتقلیاں بروقت تصور کیا جائیگا۔

(ii) اجلاس میں حاضری اور ووٹ کیلئے تمام ممبرز اہل ہیں۔

(iii) اجلاس میں حاضری اور ووٹ کا اہل ممبر اپنی بجائے اجلاس میں حاضری، ووٹ اور بولنے کیلئے کسی اور ممبر کو پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ مقرر کردہ پراکسی کیلئے بینک آف خیبر کا ممبر ہونا بھی لازمی ہے۔

(iv) اجلاس کیلئے پراکسی مقرر کرنے کی دستاویزات نوٹس کے ہمراہ ممبران کو ارسال کی جارہی ہیں۔ ضرورت پڑنے پر اس کی مزید کاپیاں معمول کے دفتری اوقات میں بینک کے رجسٹرڈ آفس میں دستیاب ہوں گی۔

(v) پراکسی کی دستاویزات اور پاور آف اٹارنی یا دیگر دستاویزات جس کے تحت دستخط کیے گئے یا نوٹری پبلک کے دستخط والی پاور آف اٹارنی اجلاس شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ آفس میں جمع ہونا لازمی ہے۔

(vi) CDC بینی فیشل اونرز کی پراکسی کے ساتھ اس کا پیسورٹ یا شناختی کارڈ، اکاؤنٹ اور شرکت کنندہ کا ID/اکاؤنٹ نمبر پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا لازمی ہے۔ کارپوریٹ ممبرز کی پراکسی کی صورت میں متعلقہ قرارداد/پاور آف اٹارنی بمعہ مزید فرد کے نمونہ دستخط ہمراہ پراکسی فارم اجلاس میں شرکت کے وقت فراہم کرنا ہوں گی۔

(vii) پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ فراہم کرنا ہوگا۔

(viii) ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے زیرِ پٹہ میں تبدیلی سے متعلق ہمارے مذکورہ بالا شیئر رجسٹرار کو بک کی بندش کے دورانیہ کے آغاز سے پہلے مطلع کریں۔

(ix) اگر ضرورت ہو تو پراکسی فارم 10 روپے کے ریونیو سٹیمپ پر دستخط کریں۔

اطلاع برائے شیئر ہولڈرز

سالانہ رپورٹ 2023ء کی ترسیل

27 مارچ 2020ء کو منعقدہ 29ویں سالانہ اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز کی منظوری کے مطابق، USBs شیئر ہولڈرز کو ان کے رجسٹرڈ پتے پر ارسال کردی گئیں ہیں، جو شیئرز رجسٹرار کے پاس دستیاب ہیں۔ تاہم بینک سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپیاں شیئر ہولڈرز کو ان کے مطالبے پر ان کے رجسٹرڈ پتے پر ایسی درخواست کے ایک ہفتے کے اندر بلا معاوضہ فراہم کرے گا۔

کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ادائیگی (ای ڈیویڈنڈ) / ڈیویڈنڈ مینڈیٹ

کمپنیز ایکٹ، 2017 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کے مطابق، لسٹڈ کمپنی کی طرف سے کیش کی صورت میں قابل ادائیگی کوئی بھی ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہ راست استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز کے بینک اکاؤنٹ میں ادا کیا جائے گا جو ان کے اپنے نام پر ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں، بینک کی طرف سے پہلے ہی شیئر ہولڈرز کو لیٹرز اور ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم ارسال کیے گئے اور اخبارات میں بذریعہ اشاعت مختلف نوٹس جاری کیے گئے جن میں شیئر ہولڈرز سے درخواست کی گئی کہ وہ فوری طور پر بینک مینڈیٹ کی بذریعہ خواتین کی دفعات کے تحت بینک ان شیئر ہولڈرز کو کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی براہ راست کرنے کا پابند ہے جن کی ڈیویڈنڈ مینڈیٹ انفارمیشن اور/یا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر کی تفصیلات کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے وقت دستیاب نہیں ہوگی۔

تمام شیئر ہولڈرز سے ایک مرتبہ پھر التماس کی جاتی ہے کہ وہ کیش ڈیویڈنڈ کو براہ راست ان کے نامزد بینک اکاؤنٹس میں الیکٹرانک طریقے سے کریڈٹ کرنے کیلئے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات بشمول انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) شناختی کارڈ کی موٹر کاپی کے ہمراہ فوری طور پر فراہم کریں، اگر انہوں نے متعلقہ شرکت کنندہ/بروکر (شیئرز الیکٹرانک طور پر رکھنے کی صورت میں) یا شیئر رجسٹرار (شیئرز فزیکل شکل میں رکھنے کی صورت میں) پہلے فراہم نہیں کیے گئے ہیں۔
بینک مینڈیٹ اور شناختی کارڈ کی موٹر کاپی فراہم نہ کرنے کی صورت میں، اس ای سی ای کی ہدایات کے مطابق کیش ڈیویڈنڈ کو روک لیا جائے گا۔ CDC/شیئر رجسٹرار کو بینک مینڈیٹ کی تفصیلات فراہم کرنے کیلئے IBAN فارم بینک کی ویب سائٹ سے انوسٹر سیکشن کے تحت ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

وڈہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

براہ کرم نوٹ کریں کہ وڈہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی درج ذیل شرح کے مطابق الیف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب تازہ ترین "ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL)" کی بنیاد پر کی جائے گی۔

1۔ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل افراد کیلئے: 15 فیصد

2۔ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل نہ ہونے والے افراد کیلئے: 30 فیصد

مزید یہ کہ جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے سلسلے میں ان کے متعلقہ تناسب/شیئر (اگر کوئی ہے تو) کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی جس کے بارے میں شیئر ہولڈرز نے بینک کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کیا ہے، بصورت دیگر ان کے شیئر ہولڈنگ کو مساوی سمجھا جائے گا۔
اگر ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی شق 150 کے تحت استثنیٰ کے مکمل کیلئے درست استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ درکار ہے۔

غیر دعویٰ شدہ/غیر ادا شدہ ڈیویڈنڈز اور شیئر سرٹیفکیٹس

ایسے شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک اپنے سابقہ ڈیویڈنڈ/فزیکل شیئرز وصول نہیں کیے، ان سے ایک بار پھر التماس کی جاتی ہے کہ وہ تفصیلات کیلئے ہمارے شیئر رجسٹرار سے رجوع کریں۔

فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں ڈیپازٹ/تبدیلی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کی ذیلی شق 2 کے مطابق، کمپنیوں کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں کیشن کی طرف سے بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق تبدیل کرنا ہوگی۔
شراکہ وشھولڈ رکی بجا آوری کیلئے ہم شیئر ہولڈرز سے درخواست کرتے ہیں کہ برائے مہربانی فزیکل فارم میں رکھے گئے شیئرز کو جلد از جلد انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ CDS اکاؤنٹ کھولنے اور بعد ازاں فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیلی کیلئے معاونت حاصل کرنے کیلئے شیئر ہولڈرز کسی بروکر، PSX ممبر، CDC پارٹنر، CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔
مزید معلومات یا وضاحت کے لیے براہ کرم میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے فون نمبر 021-35310191-6 یا ای میل sfc@thk.com.pk پر رابطہ کریں۔

اجلاسِ عام میں شرکت کیلئے ویڈیو کانفرنس کی سہولت

مجموعی طور پر 10 فیصد یا زائد شیئرز کے مالک ایسے ممبران جو کسی دوسرے شہر میں رہائش پزیر ہوں اور اجلاس میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کرنے کیلئے کم از کم سات دن پہلے بینک کو درخواست کریں تو بینک ان کے شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرسکتا ہے۔ بشرطیکہ اس کی سہولت ان کے شہر میں دستیاب ہو۔ اس سہولت کو حاصل کرنے کیلئے سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے سات دن پہلے بینک کے رجسٹرڈ ایڈریس پر درخواست ارسال کرنا ہوگی۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت وضاحت

یہ وضاحت نوٹس کی خصوصی کاروائی کے آئٹم نمبر 6،5 اور 7 سے متعلق مادی حقائق جو کہ 29 مارچ 2024ء کو منعقدہ بینک کے سالانہ اجلاسِ عام میں جاری کیے جائیں گے سے متعلق ہے۔

آئٹم نمبر 5

بونس شیئرز کا اجراء

7 مارچ 2024ء کو منعقدہ اجلاس میں بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بینک کے شیئر ہولڈرز کو 5 فیصد بونس شیئرز بحساب ہر 100 عمومی شیئرز پر 5 شیئرز کے اجرا کی سفارش کی ہے۔
منظور شدہ شرح کے مطابق بونس شیئرز کے اجراء کیلئے 5 فیصد شیئرز کے برابر رقم فزی ذخائر میں مہیا کی جائیگی۔
یہ بونس شیئرز ہر لحاظ سے بینک کے موجودہ عمومی شیئرز کے برابر ہوں گے۔
یہ بونس شیئرز ان ممبران کو جاری کیے جائیں گے جن کے نام 22 مارچ 2024ء کو فزی اوقات کار میں ممبران کے رجسٹر میں ظاہر ہوں گے اور یہ کہ جاری کردہ بونس شیئرز بینک کے پیڈ اپ کیپٹل میں اضافہ تصور ہوں گے۔

آئٹم نمبر 6

بورڈ اور بورڈ کمیٹیوں/خصوصی کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے چیئرمین/غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز/آزاد ڈائریکٹرز کی فیس میں اضافے کی منظوری دینا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 170 کے مطابق اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے کارپوریٹ گورننس ریگولیٹری فریم ورک کے ریگولیشن G-14 کے پیرا (i) 2 کے مطابق، بینک بورڈ/ کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کیلئے غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور چیئرمین کو معقول اور مناسب معاوضے کی ادائیگی کرسکتا ہے۔ بورڈ/ کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور چیئرمین کو ادا کیے جانے والے معاوضے کے پیمانے کی منظوری شیئر ہولڈرز سے کی جانب سے سالانہ اجلاسِ عام میں عمل پیرا ہونے کی بنیاد پر دی جائے گی۔
اس سے قبل بورڈ کی منظوری پر 30 مارچ 2023ء کو ہونے والی 32ویں سالانہ اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز نے بورڈ اور کمیٹی/خصوصی کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے ڈائریکٹرز کی فیس میں -/100,000 روپے (بعد از ٹیکس خالص) کی منظوری دی تھی۔
چونکہ کوڈ آف کارپوریٹ گورننس اور دیگر ریگولیٹری فریم ورک متعارف کرائے جانے کے بعد ڈائریکٹرز کے کام کا بوجھ کئی گنا بڑھ گیا ہے جس کے لیے انہیں وقت اور محنت درکار ہوتی ہے۔ لہٰذا بورڈ کی برائے گورننس اور چیئرمین کی کمیٹی سفارش پر غیر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور چیئرمین کی فیس میں اضافہ کی تجویز پیش کی گئی ہے۔
مناسب غور و خوض کے بعد بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 27 اکتوبر 2023ء کو منعقدہ اپنے 182ویں اجلاس میں بورڈ/کمیٹی/ بورڈ کی خصوصی کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کیلئے ڈائریکٹرز کی فیس کو بڑھا کر -/200,000 روپے (بعد از ٹیکس خالص) اور چیئرمین کی فیس کو بڑھا کر -/250,000 روپے (بعد از ٹیکس خالص) کرنے کی تجویز دی۔
اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے کارپوریٹ گورننس ریگولیٹری فریم ورک کے ریگولیشن G-14 کے پیرا (i) 2 کے مطابق فیس میں مذکورہ بالا اضافے کے لیے بینک کے شیئر ہولڈرز کی بعد از حقائق منظوری طلب کی گئی ہے۔
لہٰذا بورڈ اور/یا کوئیشیئر ہولڈرز کی طرف سے ایک عمومی قرارداد کے طور پر منظور کرنے کی تجویز ہے:

"یہ قرار پایا کہ بورڈ/ کمیٹیوں، اور خصوصی کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کے لئے بورڈ ڈائریکٹرز کی فیس -/200,000 روپے اور چیئرمین کی فیس -/250,000 روپے (بعد از ٹیکس خالص) کی منظوری دیتا ہے اور سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے بعد از حقائق اس کی منظوری کی سفارش کرتا ہے۔"

آئٹم نمبر 7

مندرجہ ذیل قراردادوں پر مع یا بغیر ترامیم اور/یا تبدیلیوں کے عمومی قراردادوں کے طور پر غور و خوض اور اگر مزوں میں ہوتو منظوری دینا، بینک آف خیبر کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق، سالانہ بیلنس شیٹ، منافع نقصان کا اکاؤنٹ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ و غیرہ ("سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے") اپنے ممبران کو کھول کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کریں، جو کہ سالانہ اجلاس میں شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط ہے۔ اس سہولت سے ممبران، خواہ وہ کتنی بھی ہوں، بینک کے مالیاتی گوشواروں تک رسائی حاصل کرنے میں آسانی ہوگی۔ دوسری بات یہ کہ اس سے ای ڈی وی فیہ دینے کے لیے ضروری اخراجات میں بھی کمی آئے گی۔ علاوہ ازیں، یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ زیادہ تر نے کمپنیوں میں ای ڈی وی نہیں ہے، جو بہت سے ممبران کے لیے مشکلات کا باعث بن رہا تھا۔
ٹیکنالوجی میں جدت اور بہانی ٹیکنالوجی کے فائدے کو مدنظر رکھتے ہوئے، سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ای ڈی وی/ یو ایس بی کے ذریعے ترسیل بند کردی جائے گی۔ تاہم، بینک ممبران کے مطالبے پر انہیں سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپیاں بلا معاوضہ ایک ہفتے کے اندر اندر فراہم کرے گا۔ اگر مزوں سمجھا جائے، تو مندرجہ ذیل قراردادوں کو عمومی قراردادوں کو مع یا بغیر تبدیلیوں کے عمومی قراردادوں کے طور پر منظور کیا جاسکتا ہے۔

(i) یہ قرار پایا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن نمبر SRO 389 (I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023ء کی تقاضوں کے مطابق، انتظامیہ کو بینک آف خیبر کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے ممبران تک سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کی بجائے فعال کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل/ارسال کرنے کی اجازت ہے۔

(ii) مزید قرار پایا کہ اجلاس عام کو بائس کمپنیز ایکٹ، 2017 کے تقاضوں کے مطابق ممبران کو ان کے رجسٹرڈ پتے پر ارسال کیا جائے گا، جس میں QR کوڈ اور ویب لنک کا پتہ ہوگا تا کہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو پورٹس اور دستاویزات کے ساتھ دیکھا اور ڈاؤن لوڈ کیا جاسکے جو تاقوں کو تحفظ مسلک کے جائیں۔

(iii) مزید قرار پایا کہ بینک صرف ان ہی ممبران کو مستقبل کے تمام سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپی فراہم کرے گا جو تحریری درخواست میں ہارڈ کاپی وصول کرنے کا مطالبہ کریں گے۔